السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا قبر میں حساب وکتاب کے وقت حضوراکرم صلی اللہ علیہ وسلم حاضر ہوتے ہیں اگر نہیں تو پھر فی ہذاالرجل سے کیا مراد ہے ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

قبر میں سوال وجواب کے وقت نبی صلی اللہ علیہ وسلم حاضر نہیں ہوتے ۔ "ہذاالرجل" سے مراد صرف استحضار ذہنی ہے یعنی وہ نقشہ جو آدمی کے دل ودماغ میں ہوتا ہے اس کا اظہار مقصود ہے اسی لیے مومن جواباً۔

ہذا عبداللہ ورسولہ '' کے بجائے ہو عبداللہ ورسولہ ''اوانہ عبداللہ ورسولہ یعنی اسم اشارہ قریب کے بجائے ضمیر غائب استعمال کرتا ہے اسی بناء پر ہر قل نے ابوسفیان سے کہا تھا ۔

ایکم اقرب نسبا بہذاالرجل؟ (بخاري مع فتح الباري ١/٣١

یعنی "تم سے نسب کے اعتبار سے کون اس آدمی کے قریب تر ہے ؟"

وہ دونوں اس وقت کافر تھے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت ان کے پاس نہیں تھے ہر قل نے لفظ "ہذا" کا استعمال محض استحضار ذہنی کے طور پر کیا ہے ۔

ھذا ما عندي واللہ اعلم بالصواب

## فتاویٰ ثنائیہ مدنیہ

## ج1ص735

### محدث فتویٰ